Education Bureau
The Government of the
Hong Kong Special Administrative Region
of the People's Republic of China

کنڈر گارٹن تعلیمی پالیسی غیر چینی بولنے والے بچوں کے لیے معاونت

غیر چینی بولنے والے (NCS) بچوں کا چینی زبان سیکھنے میں جلد آغاز مرکزی دھارے کے نصاب کے ساتھ خود کو ہم آہنگ کرنے اور مقامی کمیونٹی کے اندر ضم ہونے کی سہولت فراہم کرے گا۔ NCS بچوں کے والدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو چینی زبان سے بھر پور ماحول والے کنڈر گارڈنز (KGs) میں جلد از جلد بھیجیں تاکہ ان کے چینی زبان سیکھنے کی سہولت فراہم کی جائے۔ اس سلسلہ میں حکومت نے KGs کے اندر NCS بچوں کے لیے معاونتی اقدامات کا ایک سلسلہ شروع کیا ہے۔

In case of any discrepancy between the English version and the other language version, the English version shall prevail.

(اپڈیٹ شدہ ورژن 2022)

Urdu

کنڈر گارٹنز میں غیر چینی بولنے والے بچوں کے لیے معاونتی اقدامات

KGs میں داخلہ

- تمام KGs کے لیے ضروری ہے کہ وہ داخلہ میں تمام طلبہ کے لیے، ان کی نسل، جنس اور صلاحیت سے قطع نظر، برابر مواقع کو یقینی بنائیں اور ان کا اسکول پر مبنی داخلہ نظام منصفانہ، عادل، کھلے اورتفریق مخالف آرڈیننسز کی تعمیل کرنے والا ہونا چاہیے۔
- KGs کو یاددہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ اپنے درخواست فارموں اور متعلقہ معلومات کے چینی اور انگریزی دونوں نسخے مہیا کریں، اور معلومات کے انگریزی نسخے تک والدین کی رسائی کو آسان بنانے کے مقصد سے اسکول ویب پیج پر ایک آئیکن بنائیں یا انگریزی میں کوئی آسان سا پیغام مہیا کرائیں۔ KGs کو یہ یاددہانی بھی کروائی جاتی ہے کہ سکول کی ویب سائٹ پر خصوصی طور پر بیان کریں کہ اگر NCS طلبہ کے لیے انٹرویو کا انتظام کیا جائے گا تو، KGs کو چاہئے کہ مواصلات کی سہولت کے لیے جہاں ضروری ہو درخواست دہندگان کی خاطر ترجمان یا/اور ترجمہ کی خدمت کا انتظام کریں یا والدین اور بچوں کو انٹرویو کے دوران کسی چینی بولنے والے رشتہ دار/ دوست کے ساتھ ہونے کی اجازت دیں تاکہ ابلاغ میں سہولت ہو پائے۔ KGs کو اسکول کی ویب سائٹ پر NCS بچوں کے والدین کے لیے NCS بچوں کے لیے اسکول کی سپورٹ، والدین کے لیے معلومات،انکوائری ٹیلیفون نمبر اور ای میل پتہ فراہم کرنا چاہیے۔
- نرسری (K1) کے داخلہ سے متعلق NCS طلبہ کے والدین کے لیے ہر سال والدین سیمینار منعقد کیا جاتا ہے۔ جیسا مناسب ہو ترجمانی کی خدمت فراہم کی جاتی ہے۔
- ایجوکیشن بیورو (EDB) کی طرف سے شائع کردہ متعلقہ مواد‌ات، جیسا کہ کتابچوں، پوسٹرز، رہنمائی نوٹس اور KG میں داخلے کے لیے رجسٹریشن سرٹیفکیٹس کے حوالے سے درخواست فارم، کا دیگر نمایاں زبانوں میں ترجمہ کر دیا گیا ہے۔
- انگریزی اور اردو دونوں میں شائع کی جانے والیKG پروفائل NCS طلبہ کو معاونت سمیت متعدد قسم کی اسکولی معلوماتفراہم کرتی ہے، اور والدین کے لیے اسکولوں کا انتخاب کرنے میں مفید حوالہ کا کام کرتی ہے۔
- اگر انفرادی NCS طلبہ کو KGs میں داخلہ کی کوشش میں حقیقی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑے، تو EDB، جیسا مناسب ہو، KG تعلیمی اسکیم میں شامل ان KGs (اسکیم-KGs) کی جانب رہنمائی کرے گا جہاں خالی سیٹیں ہوں۔

NCS طلبہ کی ضروریات کی تکمیل

- NCS طلبہ کی ضروریات کی تکمیل میں KGs کی معاونت کرنے کے لیے، اسکول پر مبنی مختلف پیشہ ورانہ خدمات کی پیشکش کی جاتی ہے۔ NCS طلبہ کو داخلہ دینے والی KGs اپنے اسکول کی ترقیاتی ضرورتوں کی مناسبت سے متعلقہ خدمات کے حصول کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔
- NCS طلبہ کو چینی کی تدریس و تعلیم کے حوالے سے KG اساتذہ کو پیشہ ورانہ تربیتی پروگراموں کی پیشکش کی جاتی ہے۔
- اسکول سال 2019/20 سے،ہم نے NCS طلبہ کے تعاون پر اضافی امدادی رقم کو بہتر بنایا ہے۔ NCS طلبہ کی معاونت میں اضافے کے لیے، اسکیم-KGs میں داخل شدہ NCS طلبہ کی تعداد کے مطابق انہیں ایک 5-درجہ والی امدادی رقم مہیا کرائی جائے گی تاکہ NCS طلبہ کی سپورٹ میں سہولت مل پائے۔ وہ KGs جو 1 NCS طالب علم کو داخل کرتی ہیں وہ بھی سبسڈی پاتی ہیں۔ اسکول سال 2021/22 میں زیادہ سے زیادہ درجہ کے لیے کے لیے پورے سال کی فراہمی تقریباً 800,000 $ سالانہ ہے۔
- KGs کو NCS طلبہ کے والدین کے ساتھ ابلاغ میں بہتری لانے کے لیے، KGs کے استعمال کی غرض سے آڈیو فائلز کے ساتھ کمیونیکیشن کیو کارڈز کے ایک سیٹ اور سکول سرکلرز میں عمومی طور پر استعمال شدہ ٹمپلیٹس کے ایک سیٹ کا مختلف النسل افراد کی زبانوں میں ترجمہ کر دیا گیا ہے۔
- تازہ ترین KG تعلیمی نصاب رہنما میں NCS طلبہ کے مقامی اسکول کے KG تعلیمی نصابی گائیڈ میں انضمام کی سہولت پہنچانے نیز اس تعلق سے مخصوص حکمت عملیوں اور متعلقہ وسائل کو متعارف کرانے کے لئے ہدایات اور اصولوں کو بیان کیا گیا ہے کہ کس طرح اساتذہ NCS طالب علموں کی چینی زبان سیکھنے میں معاونت کرسکتے ہیں۔

دیگر معلومات

مزید معلومات یا تعاون کے لیے برائے مہربانی EDB سے رابطہ کریں:

علاقائی تعلیمی دفاتر کے ٹیلیفون نمبرات:	
(HK) 2863 4646	(NTE) 2639 4876
(KLN) 3698 4108	(NTW) 2437 7272

کنڈرگارٹرنز اور چائلڈ کیئر سنٹرز کے لیے جوائنٹ آفس کا ٹیلیفون نمبر:
3107 2197

KGs میں داخلہ کے لیے NCS بچوں کے والدین کے لیے قائم کردہ ہاٹ لائن:
2892 6676

دیگر متعلقہ ویب سائٹس:

KG تعلیمی اسکیم
http://www.edb.gov.hk/free-quality-kg-edu_en

KGs میں نرسری (K1) کلاسز کے لیے انتظامات
http://www.edb.gov.hk/k1-admission_e

KG پروفائل
http://www.chsc.hk/kindergarten/en

NCS طلبہ کے لیے تعلیمی مراکز
http://www.edb.gov.hk/ncs